# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 19 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ''ایک ملک‘ ایک انتخاب'' تجویز کو مرکزی کابینہ کی منظوری؛ کانگریس پارٹی کی مخالفت۔

☆ چندریان-4‘ وینس آربیٹر اور ربیع ہنگام کیلئے کھاد کی سبسڈی کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی کل مہاراشٹر کے دورے پر؛ پی ایم وشوکرما اسکیم سے متعلق تقریب میں ہوں گے شریک۔

☆ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے ورلڈ ایگریکلچر فورم کے زرعی ایوارڈ سے سرفراز۔

اور۔۔۔☆ ریاست گیر سطح کے صفائی ہی خدمت پندھرواڑے کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

''ایک ملک ایک الیکشن'' کی تجویز کو مرکزی کابینہ نے منظوری دے دی ہے اور آئندہ سرمائی اجلاس میں یہ بل پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات ونشریات اَشونی وَیشنو نے کل کابینی اجلاس کے بعد ایک صحافتی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ وَیشنو نے بتایا کہ اس تجویز کے مطابق پارلیمانی واسمبلی انتخابات اور مقامی خودمختار اداروں کے انتخابات دو مرحلوں میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا...

*اس کا امپلیمنٹیشن دو فیزیز میں ہوگا‘ فرسٹ فیز میں لوک سبھا اور اسمبلیز کے الیکشن کو کرانے کا پرپاس رہے گا‘ اور اس کے سیکنڈ فیز میں لوکل باڈیز الیکشن کو تھن ہنڈریڈ ڈیز آف جنرل الیکشن میں کروانا جس سے کی ایک بار میں سارے الیکشن کا پروسیس کمپلیٹ ہوں اور پھر پانچ سال سب تک سب محنت کر کے دیش کے نرمان میں لگے جو کمیٹی کے ریکمنڈیشنز ہیں ان کو پورے دیش بھر میں ڈسکشن کیا جائے گا۔ ملٹی پل اس کے جو امپیکٹ ہیں‘ ان سب پر ڈسکشن کریں اور ایک امپلیمنٹیشن گروپ ڈیولپ کیا جائے گا‘ جس سے لیگل پروسیس سے اس کو امپلیمنٹ کیا جائے گا''*

دریں اثنا‘ کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف ملکارجن کھرگے نے اس فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ انھوں نے اس فیصلے کو جمہوریت پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کو جب جب بھی ضرورت پڑے انتخابات کرائے جانے چاہیے۔ جبکہ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ون نیشن ون الیکشن تجویز کا خیر مقدم کیا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثنا، مرکزی مجلسِ وزرا نے کل منعقدہ اجلاس میں کئی دیگر اہم فیصلے بھی لیے۔ چاند سے زمین پر واپسی کی ٹیکنالوجی تیار کرنے کیلئے چندریان ۔4 اور وینس آربیٹر مشن کو بھی کابینہ نے منظوری دی۔ اسی طرح تصحیح شدہ گگن یان مشن کے ساتھ ساتھ بھارتی خلائی اسٹیشن 4 کے قیام کو بھی کل منظوری دی گئی۔ 2040 میں چاند پر انسانوں کو بھیجنے کیلئے دیسی ساخت کے خلائی جہاز سازی کے فیصلے کو بھی مجلس وزرا نے منظوری دی ہے۔

مرکزی کابینہ نے کل ربیع ہنگام کیلئے فاسفیٹ اور پوٹاش کھاد سازی کیلئے 24 ہزار کروڑ روپئے کی سبسڈی سمیت 79 ہزار 156 کروڑ روپئے کے وزیرِ اعظم قبائلی دیہی ترقیات مشن کو بھی منظوری دی۔

اسی طرح وزیر اعظم تغذیہ تحفظ اسکیم کو جاری رکھنے کا فیصلہ بھی گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں کیا گیا۔ اس کے تحت کسانوں کو دالوں اور تیل کے بیجوں کی پیداوار کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ کم از کم بنیادی قیمت اور بازار کی قیمت کے درمیان فرق کی بھرپائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کل 20 ستمبر کو مہاراشٹر کے وردھا کے دورہ پر آرہے ہیں۔ پی ایم وشوکرما اسکیم کی تاسیس پر منعقدہ پروگرام میں وزیرِ اعظم شرکت کریں گے۔ بعد ازاں وزیر اعظم کے ہاتھوں امراوتی میں پی ایم متر پارک کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ نیز، وزیر اعظم، ریاستی حکومت کی '' آچاریہ چانکیہ فروغِ ہنر مرکز'' اسکیم کی شروعات بھی کریں گے۔ اس اسکیم کے تحت پربھنی ضلع کے 14 کالجوں، لاتور ضلع کے 18 کالجوں اور ناندیڑ ضلع کے 25 کالجوں میں فروغ ہنر مراکز قائم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

کمسن و نابالغ بچوں کیلئے '' واتسلیہ'' وظیفہ اسکیم کا کل سے آغاز ہوگیا۔ صفر تا 18 سال کی عمر کے بچوں کیلئے یہ وظیفہ اسکیم شروع کی گئی ہے۔ ناندیڑ ضلع کے 50 بچے آن لائن طور پر اسکیم کی افتتاحی تقریب میں شریک ہوئے اور ان میں سے 10 بچوں کو مستقل سبکدوشی وظیفے کیلئے کارڈ دیئے گئے۔ اسی طرح کل اسکیم کے پہلے ہی دِن پچاس بینک کھاتے بھی کھولے گئے۔

***** ***** *****

تحفظِ ماحولیات، پائیدار ترقی اور سبز مہاراشٹر کے قیام کیلئے کی گئی کاوِشوں کی ستائش کرتے ہوئے ورلڈ ایگریکلچر فورم کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کو کل عالمی زراعتی ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ بانس کے عالمی دِن کی مناسبت سے کل ممبئی میں ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن کے ہاتھوں وزیرِ اعلیٰ شندے کو یہ ایوارڈ تفویض کیا گیا۔ اس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے عالمی زرعی ایوارڈ کسانوں کے نام موسوم کرتے ہوئے زرعی میدان میں ریاست کو سرِ فہرست مقام دلانے کے عزم کا اظہار کیا۔ جبکہ گورنر رادھا کرشنن نے ورلڈ ایگریکلچر ایوارڈ کی بدولت مہاراشٹر کی جانب سے دنیا کے سامنے پائیدار زراعت کی مثال پیش کرنے پر ریاستی حکومت کی کوششوں کی تعریف کی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں پہلے سیمی کنڈکٹر پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کا کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ نئی ممبئی کے مہاپے میں آر آر پی گروپ آف کمپنیز کی معرفت یہ پروجیکٹ قائم کیا جا رہا ہے۔ دو مرحلوں میں مکمل ہونے والے اس منصوبے میں اٹلی اور فرانس حکومتوں کی 27 فیصد شراکت داری ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 24 ہزار 538 کروڑ کی سرمایہ کاری کی جائے گی اور دونوں مراحل میں مہاراشٹر کی کل سرمایہ کاری 36 ہزار 573 کروڑ ہوگی۔ 12 ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری والے اس منصوبے سے 4000 ملازمتیں دستیاب ہوں گی۔

***** ***** *****

بلڈانہ میں آج وزیرِ اعلیٰ با اختیار خواتین مشن کے تحت ''وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن'' اسکیم سے مستفید خواتین کے اعزازی جلسے کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ضلع کلکٹر ڈاکٹر کرن پاٹل نے اس تقریب کے سلسلے میں متعلقہ حکام کو اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے پوری کرنے کی ہدایت کی ہے۔[4] اس اسکیم کے وعدے کی تکمیل کے تحت آئندہ 25 ستمبر کو شولا پور میں بھی ایک تقریب کا انعقاد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر محصول اور احمد نگر ضلعے کے رابطہ وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے ضلعے کے نیواسے میں تعمیر کیے جانے والے سنت گیانیشور پروجیکٹ کا خاکہ اور اہلیہ دیوی کی یادگار کے قیام کیلئے جگہ سے متعلق تجویز فوری طور پر پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔وہ اس سلسلے میں احمد نگر میں منعقدہ جائزاتی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

ریاست گیر سطح کے ''صفائی ہی خدمت'' پندھرواڑے کا آغاز آج وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں ہوگا۔گرگاؤں چوپاٹی سے اس مہم کی شروعات ہوگی۔ناندیڑ ضلع میں صفائی ہی خدمت 2024 مہم گرام پنچایت سطح پر روبہ عمل لائی جارہی ہے۔اس مہم کے تحت ریاست سمیت ناندیڑ ضلع میں ایک دِن میرے گاؤں کی صفائی کیلئے تصور پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

جالنہ شہر میں گنیش وسرجن ریلی کل دوپہر میں اختتام پذیر ہوئی۔عوامی گنیش منڈلوں کے تقریباً 413' اور گھریلو 24 ہزار گنیش مورتیاں پانی میں غرقاب کی گئیں۔اسی طرح ناندیڑ ضلعے میں 24 ہزار گنیش مورتیوں کا وسرجن کیا گیا۔

ممبئی میں بڑی گنیش مورتیوں کا وسرجن کل شام تک' جبکہ پونے میں گنپتی وسرجن کل دوپہر تک جاری رہا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے اَوسہ میں تکش شیلا بدھ وِہار کے ترقیاتی کاموں کی رونمائی مرکزی وزیرِ مملکت برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے کے ہاتھوں عمل میں آئی۔اس بدھ وِہار کے ذریعے گوتم بدھ کے امن اور انصاف کے نظریہ کو سماج تک پہنچانے میں مدد ملنے کا یقین آٹھولے نے اس موقعے پر ظاہر کیا۔

***** ***** *****

پربھنی کے ایڈیشنل ضلع کلکٹر ڈاکٹر پرتاپ کاڑے نے کہا ہے کہ تپ دِق سے پاک مہم میں پربھنی ضلعے کی گرام پنچایتیں قابلِ ستائش کام کر رہی ہیں۔قومی تپِ دِق سے نجات پروگرام کے تحت کل ٹی بی سے پاک گرام پنچایتوں کو انعامات دیکر ان کا اعزاز کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں گذشتہ 30 اگست تا 10 ستمبر کے دوران ہوم گارڈ اندراج کیا گیا تھا۔جس کے نتائج ویب سائٹ پر شائع کیے گئے ہیں۔اس سے متعلق امیدواروں کو آج 19 ستمبر صبح دس تا شام پانچ بجے تک ہوم گارڈ کمشنر دفتر میں حاضر رہ کر اعتراضات درج کروانے یا ای میل پر اعتراضات ارسال کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

نظام آباد۔پونے اور ناندیڑ۔پونے ریلوے گاڑیاں 21 اور 22 ستمبر کو پربھنی' پرلی، لاتور، کوروڈوواڑی، دَونڈ ان راستوں سے چلائی جائیں گی۔جبکہ ناندیڑ۔نظام آباد اور پونے۔ناندیڑ ریلوے گاڑیاں 22 اور 23 ستمبر کو دَونڈ' کوروڈواڑی، لاتور، پرلی و پربھنی راستوں سے ہوکر گذریں گی۔یہ اطلاع جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ عوامی رابطہ دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ''ایک ملک' ایک انتخاب''، تجویز کومرکزی کابینہ کی منظوری؛ کانگریس پارٹی کی مخالفت۔

☆ چندریان ۔4، وینس آربیٹراور ربیع ہنگام کیلئے کھاد کی سبسڈی کومرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی کل مہاراشٹر کے دورے پر؛ پی ایم وشوکرما اسکیم سے متعلق تقریب میں ہوں گے شریک۔

☆ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے ورلڈ ایگریکلچر فورم کے زرعی ایوارڈ سے سرفراز۔

اور۔۔۔☆ ریاست گیر سطح کے صفائی ہی خدمت پندھرواڑے کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****